**29-04-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

۱۔ دہلی پولیس نے امیت شاہ کی ویڈیو میں چھیڑ چھاڑ کے سلسلہ میں ریاستی کانگریس یونٹ کو نوٹس جاری کی اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے یکم مئی کو تحقیقات کے لئے حاضر رہنے کو کہا۔

۲۔ بی جے پی کے ریاستی صدر و مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پر الزام عائد کیا ہے کہ اس نے امیت شاہ کی ویڈیو میں چھیڑ چھاڑ کے ذریعہ عوام کو گمراہ کیا ہے۔

۳۔ تلنگانہ میں لوک سبھا کی 17 نشستوں پر انتخابات کے لئے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ جبکہ پرچہ جات نامزدگی سے دستبرداری اختیار کرنے کی آخری تاریخ آج ختم ہوگئی۔

اور

۴۔ بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی ملک کی ترقی کے لئے پرعزم ہے۔

☆☆☆

بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے کہا ہے کہ اُن کی پارٹی ملک کی ترقی کے لئے پرعزم ہے۔ بھدرادری کوتہ گوڑم میں آج ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے نڈا نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ایک اہل حکومت قائم ہوگی۔ نڈا نے پچھلی ایک دہائی کے دوران تلنگانہ کے لئے مرکز کی جانب سے ادا کئے گئے حصوں کو اجاگر کیا۔ ایودھیا میں رام مندر کی تعمیر اور آرٹیکل 370 کی برخواستگی جیسے اقدامات پر نریندر مودی کی ستائش کرتے ہوئے نڈا نے قومی مفاد کو اوپر رکھنے پر حکومت کی تعریف بھی کی۔ انہوں نے سابق بی آر ایس حکومت میں مبینہ رشوت کو تنقید کا نشانہ بنایا اور مذہب کی بنیاد پر تحفظات کے خلاف انتباہ دیا۔ قبائلیوں کے لئے فلاحی پروگرام شروع کرنے کا وعدہ کرتے ہوئے نڈا نے مودی کی قیادت میں انجام دئے گئے مالی اقدامات کو اجاگر کیا اور کہا کہ ہندوستان عالمی سطح پر تیسری بڑی صنعت بن کر ابھرا ہے۔

☆☆☆

ریاستی محکمہ تعلیم کی جانب سے کل منگل کو ایس ایس سی امتحانات کے نتائج جاری کئے جائیں گے۔ پرنسپل سکریٹری محکمہ تعلیم بی وینکٹیشم نتائج جاری کریں گے۔ طلبہ، سرکاری ویب سائٹس bse.telangana.gov.in اور bseresults.telangana.gov.in پر اپنی نشانات دیکھ سکتے ہیں۔

☆☆☆

ریاستِ تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ ریاست کے 20 اضلاع شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں۔ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں کے مطابق آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران یہ صورتحال برقرار رہ سکتی ہے۔ اِس کے علاوہ تلنگانہ میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کا بھی امکان ہے۔ ریاستی ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ضلع ملگو میں مختلف مقامات پر گرمی کی لہر برقرار رہی، جبکہ اعظم ترین درجہ حرارت کل محبوب نگر میں 43.8 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

☆☆☆

بھارت راشٹر سمیتی پارٹی کو متحدہ ضلع نلگنڈہ میں اس وقت بڑا دھکہ لگا جب پارٹی کے لیڈر گتا امیت ریڈی جو قانون ساز کونسل کے صدر نشین گتا سکھیندر ریڈی کے فرزند ہیں، آج پارٹی سے مستعفی ہوگئے اور حکمراں کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ انہوں نے اے آئی سی سی پارٹی امور انچارج دیپا داس منشی کی موجودگی میں کانگریس میں شمولیت اختیار کی۔ دیپا داس نے امیت ریڈی کو پارٹی کا اسکارف پہنایا۔ اس موقع پر عماراتِ وشوارع کے وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، اے آئی سی سی سکریٹری روہیت چودھری، بی سی سی صدر موہن ریڈی اور دوسرے بھی موجود تھے۔

☆☆☆

ریاستی چیف سکریٹری شانتی کمارکی پروفائل فوٹو (ڈی پی) کے غلط استعمال اوران کے فون نمبر سے کالس کرنے کے معاملہ میں تلنگانہ سائبرسیکوریٹی بیورو نے بعض نامعلوم افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی ہے۔سائبرسیکوریٹی بیورو نے آج ایف آئی آر نمبر 4/2024 کے تحت کیس درج کیا ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد میں کل جملہ 16.91 لاکھ روپے نقدرقم ضبط کرلی گئی، جس میں 20 ہزار 652 روپے پر مشتمل اہم اشیاء بھی شامل ہیں۔محکمہ آبکاری نے اِس کے علاوہ 43.39 لیٹر شراب بھی ضبط کی اور چار افراد کے خلاف کیس درج کرلیا، جبکہ نقدرقم اور دیگر اشیاء کے معاملہ میں پانچ شکایتیں بھی درج کی گئی۔اب تک 19.20 کروڑ روپے نقدرقم اور 8.22 کروڑ روپے مالیتی اہم اشیاء ضبط کی جاچکی ہے، جبکہ 21 ہزار لیٹر شراب بھی ضبط کی گئی ہے۔اب تک انتخابی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے تحت 25 شکایتیں، 520 دیگر شکایتیں بھی درج کی گئی ہیں، جبکہ تین ہزار 24 لائسنس یافتہ ہتھیار جمع کرائے جاچکے ہیں۔

☆☆☆

دہلی پولیس نے سینئر بی جے پی لیڈر ومرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ کے ایک ویڈیو میں تبدیلیاں کرنے کے معاملہ میں ریاستی کانگریس یونٹ کے خلاف ایک نوٹس جاری کی ہے۔اِس ویڈیو میں امیت شاہ کومسلمانوں کے لئے تحفظات کا کوٹہ برخواست کرنے کی بات کہتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ذرائع نے آج بتایا کہ اس ویڈیو میں ردوبدل کیا گیا، جس سے ایسامحسوس ہوتا ہے کہ امیت شاہ تمام تحفظات کو برخواست کردینے کی بعد کہہ رہے ہیں۔دہلی پولیس کی ایک ٹیم گاندھی بھون میں واقع کانگریس پارٹی کے ہیڈکوارٹر پہنچی اور نوٹس حوالہ کی۔اِس سے پہلے بی جے پی آئی ٹی سیل کے سربراہ امیت مالویانے کہا تھا کہ تلنگانہ کانگریس کی جانب سے امیت شاہ کا ایک ایڈیٹ کردہ ویڈیو وائرل کیا جارہا ہے۔دہلی پولیس نے آج اس سلسلہ میں ایک ایف آئی آر درج کرلیا۔ اِس سلسلہ میں ایک شکایت بی جے پی اور دوسری شکایت وزارتِ داخلی امور کی جانب سے کل درج کروائی گئی تھی۔

☆☆☆

تلنگانہ میں لوک سبھا کی 17 نشستوں پر انتخابات کے لئے تمام تر تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔جیسا کہ پرچہ جات نامزدگی سے دستبرداری اختیار کرنے کی آخری تاریخ آج ختم ہوگئی۔ریاست بھر میں سیاسی جماعتوں کی جانب سے انتخابی مہم میں شدت پیدا کردی گئی ہے۔انتخابی عہدیداروں کوتوقع ہے کہ امیداروں کی قطعی فہرست کسی بھی وقت جاری کی جائے گی۔ریاست بھر میں 625 امیدواروں کی جانب سے داخل کردہ زائد از ایک ہزار 60 پرچہ جات نامزدگیاں درست پائی گئی جبکہ مجموعی طور پر ایک ہزار 488 نامزدگیاں موصول ہوئیں۔ریاستی بی جے پی صدر ومرکزی وزیر جی کشن ریڈی، پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری بنڈی سنجے کمار اور سینئر لیڈر ایٹلا راجندر، زعفرانی جماعت کے اُن امیدواروں میں شامل ہیں، جو اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔کانگریس پارٹی نے جن امیدواروں کوانتخابی میدان میں کھڑا کیا ہے اُن میں ڈی ناگیندر اور کڈیم کاویا شامل ہیں، جو بی آر ایس سے مستعفی ہوکر کانگریس میں شامل ہوئی ہیں۔کل ہند مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی، حلقہ لوک سبھا حیدرآباد سے ایک اور مرتبہ منتخب ہونے کے لئے کوشاں ہیں، جبکہ ان کے خلاف بی جے پی نے مادھوی لتا کوامیدوار بنایا ہے۔بی آر ایس کی جانب سے جن امیدواروں کوانتخابی میدان میں اتارا گیا ہے، ان میں سابق آئی پی ایس آفیسر پروین کمار اور موجودہ ایم پی ناگیشورراوٗ شامل ہیں۔

☆☆☆

ٹی ایس، ای اے پی سیٹ کے لئے درخواستیں دینے والے اگریکلچرل اور فارمیسی کے امیدواروں کے ہال ٹکٹ جاری کئے جاچکے ہیں، جو ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ٹی ایس سی ایچ ای کی جانب سے جے این ٹی یو، تلنگانہ اسٹیٹ انجینئرنگ، اگریکلچر اینڈ فارمیسی، کامن انٹرنس ٹسٹ منعقد کیا جائے گا۔یہ سالانہ ٹسٹ مختلف پیشہ ورکورسس میں داخلہ کے لئے منعقد کیا جاتا ہے۔

☆☆☆

سالار جنگ میوزیم کی جانب سے آٹھ اور پندرہ سال کی عمر والے بچوں کے لئے گرمائی آرٹ کیمپ منعقد کیا جائے گا۔ یہ آرٹ کیمپ 14 مئی سے شروع ہوگا اور 28 مئی کو ختم ہوگا۔ میوزیم کی جانب سے کئے جانے والے تعلیمی اقدامات کے ایک حصہ کے طور پر یہ کیمپ منعقد کیا جائے گا۔ کیمپ میں حصہ لینے کے لئے درخواستیں دینے کا عمل آج سے شروع ہوا جو پانچ مئی تک جاری رہے گا۔ فی طالب علم ایک ہزار روپے فیس رکھی گئی ہے۔

☆☆☆

محکمہ زراعت نے ریاست بھر میں کسانوں کو نقلی بیجوں کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ کسانوں کو لائسنس کے حامل افراد سے بیج خریدنے کے وقت چوکس رہنے کا انتباہ دیتے ہوئے محکمہ زراعت نے کہا کہ نقلی بیجوں کی فروخت میں ملوث کسی بھی شخص کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ نقلی بیجوں کی فروخت پر نظر رکھنے کیلئے ریاستی حکومت نے بھی پولیس اور ویجلنس اینڈ انفورسمنٹ محکمہ کو چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔

☆☆☆

پداپلی کے ایم پی وینکٹیش اور سابق وزیر پدی ریڈی کے علاوہ دیگر لیڈرس نے آج مرکزی وزیر و بی جے پی ریاستی صدر کشن ریڈی اور مملکتی وزیر و بی جے پی کے سینئر لیڈر ڈاکٹر موروگن کی موجودگی میں حیدرآباد میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کر لی۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے الزام عائد کیا کہ کانگریس پارٹی، مرکزی وزیر امیت شاہ کے ویڈیو میں چھیڑ چھاڑ کرتے ہوئے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا کہ تحفظات کے معاملہ پر بی جے پی کے خلاف دئے گئے بیان سے دستبرداری اختیار کریں اور معافی مانگیں۔

☆☆☆

اسی دوران دہلی پولیس نے ٹی پی سی سی صدر و وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے کہا ہے کہ امیت شاہ کی ویڈیو میں چھیڑ چھاڑ کرنے کے معاملہ میں یکم مئی کو تحقیقات کے لئے حاضر ہوں۔ پولیس نے پانچ افراد بشمول ریونت ریڈی کو نوٹسیں جاری کی، جنہوں نے مذکورہ ویڈیو ایکس پلیٹ فارم پر پوسٹ کیا تھا۔